روپ کمل چتر کا پیش کردہ

अधिकार

ادھیکار

اداکاران

اوشا کرن، کشور

وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

ادھیکار کے
گانے

نمبر ا

ایک دھرتی ہے ایک ہے گگن - ایک من میرا ایک ہے لگن - او سجن
جتنے امبر ہیں اُتنے تارے - ساگر میں رتن جتنے نیارے
میرے نینوں میں اتنے تیرے سپن - او سجن - ایک دھرتی .....
چندا تیری میں ہوں چکوری جنم جنم کا ناطہ - پیار ہمارا روز گگن میں تاروں کے دیپ جلاتا
ان تاروں میں چمکے من کی اگن - او سجن - ایک دھرتی .....
چاہے ٹوٹے جیون بینا چاہے ٹوٹے تار پیا - لیکن کبھی نہ ٹوٹے من کی مدھم مدھم جھنکار پیا
پیا چھوٹے نہ اپنا یہ بندھن - او سجن - ایک دھرتی .....

کلثوم و کمار — گانا نمبر ۲

شکیلہ :- تگڑم بازی تگڑم بازی تگڑم بازی - میاں راضی بیوی راضی کیا کرے گا قاضی - تگڑم بازی
ایسے تو یہ دنیا بالو آگ لگا دیتی ہے - ویسے حکمہ چار سو بیسی ہے پوری جھانسہ دیتی ہے
سیدھے سادھے بھوندو بنتے کھاتے پیتے ٹکر - کورس - ٹکر
شکیلہ :- چلتے پرزے جیٹ پٹ جاتے دودھ ملائی شکر - کورس :- شکر
" :- جیری بغل میں مکھ میں رام کیا کہنے واہ جی واہ جی - تگڑم بازی ...
اُس کی پگڑی اس کے سر پر دنیا گورکھ دھندا - گرو گھنٹال سبھی ہیں کتنے جھپٹ کے ڈالو پھندا
نمک مرچی گرم مسالہ کپڑے والا جوتے والا - سب میں ہے گڑبڑ گھوٹالہ
دودھ میں پانی دوائیں پانی سب میں رگڑم رگڑا - گرہ ہے تو پگڑی ہے اور پگڑی ہے تو پگڑا
ننگا بھوکا سستا - اچھا پیسے کا ہے ٹھیم ٹھا - پیسے نا ہے تو بھیا بھابی چاچی اور چاچا جی
کورس :- تگڑم بازی ...
جیب میں جب کلدار ہو - بنگلہ موٹر کار ہو - چور بھی شاہو کار ہو - دنیا پھر گلزار ہو
بلشو تارے پاس ہو وے تو رائی ہوئے آؤ آؤ بنیں تمہاری تمہارا اساما ئے نمر جاؤ

ایک آنکھ سے بولے نا جی ایک آنکھ سے ہاں جی ــ تگڑلم بازی...
میاں راضی بیوی راضی کیا کریگا قاضی ــ تگڑلم بازی ......

گانا نمبر ۳

ایک دھرتی ہے ایک ہے گگن ۔ ایک من میرا ایک ہے لگن ــ او سجن
او چندا اوری میں ہوں چکوری جنم جنم کا ناتہ ۔ پیار ہمارا روز گگن میں تاروں کے دیپ جلاتا
اور ان تاروں میں چمکے من کی لگن ــ او سجن ــ ایک دھرتی ہے...
چاہے ٹوٹے جیون نیا چاہے ٹوٹے تار پیا لیکن کبھی نہ ٹوٹے سنگی مدھر مدھر جھنکار پیا
او پیا چھوٹے نہ اپنا یہ بندھن ــ او سجن

گانا نمبر ۴ کورس

بی۔اے۔ ایم اے پی۔ایچ۔ڈی۔ بی۔ٹی۔ بی۔کام۔ بی۔ایس۔سی
ڈگری لیکر بیٹھے ہیں سب کرینگے کیا اب سوچو جی ۔ بولو جی
آشا۔ شادی کر کے بنوں گی میں تو کسی کے گھر کی رانی
برتن مانجھوں جھاڑو لگاؤں اور بھروں میں پانی ۔ پھر جب ــ کورس:۔ کیا
اُشا۔ پھر جب پڑھے بیٹھوں میں کوئی کہیا کہانی ۔ آگے پیچھے رو رو بچے کردیں جھنجھلانی
گاما پادھا ۔ گاما پادھا
کبھی سنبھالوں بچے کبھی سنبھالوں آٹا گھی ۔ لگے نہ میرا جی گھر میں لگے نہ میرا جی ــ کورس:۔ بی اے...
کورس:۔ ڈگری لیکر بیٹھے ہیں سب کریں گے کیا اب سوچو جی ۔ بولو جی
اُشا۔ ڈاکٹر بنکر ہر روگی کو پہنچاؤں آرام ۔ نام کا نام کماؤں جی اور دام کے دام ۔ اور دام کے دام
چڑھے جو بخار تو لگاؤں پنسلین ۔ لگے چوٹ تو لگاؤں میں ٹنچر آیوڈین سنو جی ۔ اور جی ہاں
نزلے انجاسین کو نین اور ایرومائی سین اور کسی کو دوں اے۔ بی۔ سی وٹامن
سب کچھ کر دوں گی لیکن کر نہ پاؤں گی اک کام ــ نرس:۔ کیا!
اُشا۔ جب کرنا پڑیگا آپریشن چیر پھاڑ کے چام

دیکھ دیکھ یہ سپنے بھیانک ڈریگا میرا جی ——— ڈریگا میرا جی

کورس:۔ بی اے ایم اے .... ڈگری لیکر بیٹھے ہیں.........

اُشا:۔ ہیروئن بنوں فلموں کی چھم چھما چھم۔ چھم چھما چھم۔ چھم چھما چھم ناچوں گاؤں

ہر ایک کی آنکھوں میں لبوں میں سب کے دل میں سماؤں

کوئی آٹوگراف مانگے کوئی فوٹوگراف چاہے۔ کوئی میرا پتہ پوچھے کوئی پیچھے پیچھے آئے ۔ لڑکی:۔ اوں

اُشا:۔ رک جائیں چلتے راہی ہیں جدھر سے آؤں جاؤں لیکن ——— لڑکی:۔ لیکن کیا!

لیکن جبتک ہے یہ جوانی ایک اسٹار کہلاؤں ۔

کبھی قدر نہ جانے کوئی ٹوٹے تاروں کی ۔ ہائے ٹوٹے تاروں کی

کورس:۔ بی اے ۔ ایم اے ...... ڈگری لے کر بیٹھے ہیں.......

پرنسپل:۔ کیسی سوچ میں ڈوبے ہو کر دو جو کچھ کرنا چاہو ۔ کام سبھی اچھے ہیں جو تم اپنا فرض نبھاؤ

ناری سے شکتی ہے قومیں ناری سے بنتی ہیں ۔ آج تمہارے ہاتھوں میں ہے اپنے دیس کی ناؤ

اُشا:۔ آج ہمارے ہاتھوں میں ہے اپنے دیس کی ناؤ ۔ کوئی گھر کو سنبھالو ۔ کوئی ٹیچر بن جاؤ

کورس:۔ آج ہمارے ہاتھ میں..... اُشا:۔ کوئی بنو کلا کار کوئی ڈاکٹر بن جاؤ

کورس:۔ آج ہمارے ....

پرنسپل:۔ کچھ بھی کر دو پر رکھو عزت اپنے بھارت کی... اپنے بھارت کی

کورس:۔ بی اے ۔ ایم اے ..... پرنسپل:۔ رکھو عزت اپنے بھارت کی....

گانا نمبر ۵

شیکھر:۔ دل میں ہمارے کون سمایا ۔ اُشا:۔ خود ہی سمجھ لو میں کیا بولوں ۔ کس نے مجھے دیوانہ بنایا

:۔ خود ہی سمجھ لو میں کیا بولوں ۔

:۔ میری نظر سے ملتے ہی کیوں تیری نظر جھک جاتی ہے ۔ اُشا:۔ تیری نظر سے شرما کر کچھ کہنے سے رک جاتی ہے

:۔ ہم سے یہ کہنا چاہتی ہے کیا ۔ اُشا:۔ خود ہی سمجھ لو میں کیا جانوں

:۔ دل میں ہمارے کون سمایا ۔ اُشا:۔ خود ہی سمجھ لو میں کیا جانوں

شیکھر:۔ دیکھ کے ہم کو جھوم رہے ہیں دیکھو ان نظاروں کو
اوشا:۔ سامنے جب صورت ہو تمہاری دیکھے کون بہاروں کو
شیکھر:۔ ایسی رُت کا کیا ہے اشارہ ۔ اُشا:۔ خود ہی سمجھ تو میں کیا بولوں
" دِل میں ہمارے کون سمایا ۔ اُشا:۔ خود ہی سمجھ تو میں کیا بولوں
دونوں:۔ دِل میں ہمارے کون سمایا —— خود ہی سمجھ تو میں کیا بولوں

گانا نمبر ۶

کشور:۔ کماتا ہوں بہت کچھ پر کمائی ڈوب جاتی ہے۔ کچھ انکم ٹیکس لیجاتا ہے کچھ موئی اڑاتی ہے ۔ کماتا ۔۔
اُشا:۔ اچھا ۔ کہو تم کچھ بھی لیکن یہ سمجھداروں کا کہنا ہے —— کشور:۔ کیا!
اُشا:۔ کما دیتے ہیں گھر کو مرد عورت گھر بناتی ہے —— کشور ۔ ہا ۔ ہا ۔۔
تیری ان ساڑھیوں نے جمپروں نے مار ڈالا ۔ تیری دیوالی کی خاطر میرا نکلا دیوالہ
میں کڑکا ہوں ۔ میں کڑکا جب سے ہوں تو سینٹ کپڑوں میں لگاتی ہے ۔ کماتا ۔۔
اُشا:۔ بسیں بھی شہر میں چلتی ہیں —— کشور:۔ چلنے دو کیا ہوا
":۔ بسیں بھی شہر میں چلتی ہیں کیوں ٹیکسی میں جاتے ہو
سینما دیکھتے ہو ہوٹلوں کے بل چکاتے ہو
کمائی آدھی باہر اور آدھی گھر میں آتی ہے ۔ کما دیتے ہیں گھر کو مرد عورت گھر بناتی ہے
کشور:۔ کماتا ہوں بہت کچھ پر کمائی ڈوب جاتی ہے

اُبل جاتا ہوں چاہے دودھ چاہے روٹی جلتی ہے
ارے موری سا سے موری ۔ اوموری ۔ نکھرے والی ۔ نکھرے والی
سُن لے موری سُن لے موری ۔ سارے گا ما پا دھا ۔

نی ۔ سا ۔ سانی ۔ دھا ۔ پا ۔ ماگا رے سا ۔ ڈری ۔ ساڑی
تو ہے ایک اناڑی پہنے ہے ریشمی ساڑی
بہن کو ریشمی ساڑی تم ایسے ایسے چلتی ہو

یں باتیں جب سناتا ہوں مجھے آنکھ دکھاتی ہو ـــ کماتا ـــ

اُشا:۔ اُدھار دیتے ہیں پیسہ بعد میں پھر ہاتھ ملتے ہیں۔ دنیا کے سفر میں ہمسفر آپ ایسے ایسے چلتے ہیں

مُصیبت سر پہ جب آتی ہے، بیوی کام آتی ہے

اُلٹا دنیا ہے گھر گرہستی عورت گھر بناتی ہے ـــ کشور ـــ کماتا ہوں ...

گانا نمبر ۷

سادھو۔ ماٹی کہے کمہار سے تو کیا روندے موہے۔ اِک دِن ایسا آئیگا میں روندوں گی توہے

کورس :۔ میری ادم ۔ میری ادم ۔ میری ادم ۔ میری ادم

سادھو۔ ماٹی میں مِل جانا رے بھائی ماٹی میں مِل جانا رے

دو دِن کے جگ کے میلہ میں آج رہے کل جانا رے ... ماٹی میں ...

مالا والا۔ بابو جی بابو جی بابو جی ۔ او بابو ٹوپی والا او بھیا پگڑی والا

لے لو یہ میری کنٹھ مالا رے ۔ میری مالا میں چھپ جائے سب گڑ بڑ گھوٹالا

سیٹھ صاحب کو لے سمجھانی اور تلی کو لالا ۔ او بابو ٹوپی والا او بھیا پگڑی والا

سادھو۔ اے وہی سُکھی ہے جس نے پیار سے پھیرا من کا دانا

ماٹی میں مِل جانا رے بھائی ماٹی میں مِل جانا

پان والا۔ میرا پان بنارس والا ہلکا چونا کتھا ۔ اے جی ہلکا چونا کتھا

جس نے کھائی ایک گلوری بن گیا چھیلا دونا ۔ اے جی بن گیا چھیلا دونا

سونف سپاری خوشبو ٹھنڈا کالا پیلا چونا

مو ہیا ۔ ماٹ دا ۔ مگھی بنارس ۔ بنگلہ ۔ دیسی ۔ پونا

لو گے کون نمونہ بابو لو گے کون نمونہ

سادھو۔ بھانت بھانت کے لوگ لگا کے ڈیرہ نیا پرانا ..... ماٹی میں مِل جانا ..

کھلونے والا۔ ہے چلے آؤ چلے آؤ چلے آؤ

ٹکے والے چلے آؤ روپے والے چلے آؤ پیسے والے چلے آؤ

میری پیاری دکان سب سے نیاری دوکان۔ دیکھو دیکھو ناچ رہا ہے یہ البیلا بندر ۔ یہ البیلا بندر
جلنے کس کا جی ہو بھایا گمہ تیلی کے اندر ۔ ناچے راجہ ناچے رانی اور ناچے مست قلندر
سادھو۔ اے ناچ رہا ہے نچانے والا سب کو ناچ نچایا ..... مالی میں ....

گانا نمبر ۸

زندگی حسین ہے یہ زندگی حسین ہے ۔ زندگی سے پیار کر
میں ہوں تیری زندگی مجھ پہ تو اعتبار کر
کتنی حسین ہے دیکھ لے اُجڑے چمن کی یہ کلی
میرے چمن میں آ کھلی تیرے چمن کی یہ کلی
جانتی ہوں میں اسے تو بھی اسکو پیار کر۔ مجھ پہ اعتبار کر ۔ زندگی حسین ہے...
تو تو میرے ساجن کی ایک چھوٹی سی تصویر ہے ۔ تو آنکھوں کی روشنی تو میری تقدیر ہے
پریت میری بار بار کہتی ہے پکار کر ۔ مجھ پہ تو اعتبار کر ..... زندگی حسین ہے..
میں نے تمہارے پیار کو آج آزما لیا
ہنس کے ایک راز کو سینے میں چھپا لیا
تم نہ گلے لگا سکے میں نے گلے لگا لیا
میری جیت ہو گئی آج تم سے ہار کر ۔ مجھ پہ اعتبار کر ... زندگی حسین ہے ...

ختم شد